**07.06.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ
**Music**

------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کو متفقہ طور پر لوک سبھا، بی جے پی اور این ڈی اے پارلیمانی پارٹی کا رہنما منتخب کر لیا گیا ہے۔

☆ وزیر اعظم مودی نے عالمی کیو ایس درجہ بندی میں بھارتی یونیورسٹیوں کی بہتر کارکردگی پر طلبا اور اساتذہ کی ستائش کی ہے۔

☆ جناب راہل گاندھی کو کرناٹک بی جے پی کی طرف سے دائر، ہتک عزت کیس میں ضمانت دے دی گئی ہے۔

☆ آر بی آئی نے ریپو ریٹ، ساڑھے چھ فیصد پر برقرار رکھی ہے۔ اُس نے جی ڈی پی کی شرح ترقی اگلے مالی سال کے دوران سات اعشاریہ دو فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ کُشتی میں بھارت کے امن سہراوت نے Budapest درجہ بندی کی 2024 کی سیریز میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے۔

------------------------

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

### Rev. NDA-Govt Formation

سینئر بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر راج ناتھ سنگھ نے آج جناب نریندر مودی کا نام این ڈی اے پارلیمانی پارٹی کے لیڈر کے طور پر تجویز کیا۔ راج ناتھ سنگھ کی اِس تجویز کی تائید مرکزی وزرا امت شاہ، نتن گڈکری اور این ڈی اے کی سبھی اتحادی پارٹیوں نے کی، جن میں ٹی ڈی پی سربراہ چندر بابو نائیڈو، جے ڈی یو صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار بھی شامل ہیں۔

این ڈی اے پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ اِس وقت نئی دلی میں پرانے پارلیمنٹ ہاؤس کے وسطی ہال میں جاری

ہے۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے جناب مودی کے نام کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ اِن عہدوں کے لیے سب سے زیادہ موزوں شخصیت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ اتحاد، کوئی مجبوری نہیں ہے، البتہ یہ ہمارا عہد ہے۔

تجویز کی حمایت کرتے ہوئے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا کہ یہ نہ صرف این ڈی اے پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ میں موجود رہنماؤں کی، بلکہ ملک کے 140 کروڑ عوام کی بھی خواہش ہے۔ سینئر بی جے پی رہنما اور مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے بات کو یقینی بنانے کے لیے خود کو پوری طرح وقف کرتے ہوئے کام کیا ہے کہ ملک خوشحال اور ایک سپر پاور بن جائے۔ ٹی ڈی پی سربراہ چندربابونائیڈو نے کہا کہ این ڈی اے حکومت نے جناب نریندر مودی کی دور اندیش قیادت میں پچھلے دس سال میں بہت سے اہم اقدام کئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں قابل ذکر ترقی ہوئی ہے اور یکسر تبدیلی آئی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے لے، بہار کے وزیر اعلیٰ اور جے ڈی یو صدر نتیش کمار نے اپنی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہت ہی اچھی بات ہے کہ ہم سبھی لوگ یکجا ہوئے ہیں اور اب ہم نریندر مودی کی قیادت میں مل کر کام کریں گے۔

اِس موقع پر بی جے پی صدر جے پی نڈا نے کہا کہ این ڈی اے کو لوک سبھا انتخابات میں لگاتار تیسری بار اکثریت حاصل ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اڈیشہ اور آندھرا پردیش میں ہمیں جو کامیابی ملی ہے، وہ قابل تعریف ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر کہا کہ این ڈی اے کوئی سیاسی پارٹیوں کا گروپ نہیں ہے، جو محض اقتدار میں آ گیا ہے، بلکہ یہ ایک اتحاد ہے، جس نے ملک مقدم کے جذبے کے ساتھ کام کرنے کا عہد کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ڈی اے بھارت کی تاریخ میں کامیاب ترین اتحاد ہے اور ہمارا مقصد سبھی فیصلوں میں اتفاق رائے قائم کرنا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج ملک کے لوگوں نے این ڈی اے کو ایک موقع فراہم کیا ہے کہ وہ 22 ریاستوں میں حکومت تشکیل دے کر اُن کی خدمت کرے۔

## JDU Meet

جنتا دل یونائیٹیڈ کے صدر اور بہار کے وزیر اعلیٰ نتیش کمار نے آج نئی دلّی میں اپنی رہائش گاہ پر پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کی قیادت کی۔ JDU کے للن سنگھ، سنجے کمار جھا، اجے کمار منڈل، وجے لکشمی کشواہا، کوشلینڈ کمار، رام ناتھ ٹھاکر، دیویش چندر ٹھاکر، سنیل کمار، لولی آنند، گردھاری یادو اور انل ہیگڑے نے بھی دیگر رہنماؤں کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کی۔ اسی دوران لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) نے بھی قومی راجدھانی میں پارلیمانی پارٹی کی ایک میٹنگ منعقد کی۔ میٹنگ میں قومی صدر چراغ پاسوان کو پارٹی کی پارلیمانی کمیٹی کا لیڈر منتخب کیا گیا۔ x

### RS Notification And Vacancy

کیرالہ میں راجیہ سبھا کی تین سیٹوں کے انتخابات کیلئے کل نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔ CPI رہنما Binoy Biswam، سی پی آئی ایم رہنما Elamaram Kareem اور کے سی ایم رہنما Jose K Mani کی میعاد یکم جولائی کو ختم ہو رہی ہے۔

راجیہ سبھا میں مہاراشٹر سے ایک سیٹ کے ضمنی انتخاب کیلئے بھی کل نوٹیفکیشن جاری کیا گیا۔

این سی پی رہنما پرفل پٹیل کے استعفےٰ کی وجہ سے یہ سیٹ خالی ہوئی ہے۔

کیرالہ اور مہاراشٹر کی ان سیٹوں کیلئے کاغذات نامزدگی 13 جون تک داخل کیے جاسکتے ہیں۔ پولنگ 25 جون کو ہوگی۔ x

### PM QS University

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج زور دے کر کہا کہ گزشتہ دہائی کے دوران اُن کی حکومت نے تعلیم کے شعبے میں معیاری تبدیلی لانے پر توجہ مرکوز کی۔ اُن کا یہ بیان QS عالمی یونیورسٹی درجہ بندی میں جی-20 ملکوں کے درمیان ملک کی یونیورسٹیوں کی نمائندگی میں زبردست اضافے کے بعد سامنے آیا ہے۔ بھارت نے اِس میں 318 فیصد کا اضافہ درج کیا ہے۔ 2015 کی یونیورسٹی درجہ بندی میں ملک کی 11 یونیورسٹیاں شامل تھیں، جو 2025 کی درجہ بندی میں بڑھ کر 46 ہوگئی ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے طلباء، اساتذہ اور اداروں کی، سخت محنت اور لگن کے ساتھ کام کرنے پر ان کی ستائش کی۔ انھوں نے اپنی تیسری مدتِ کار کے دوران تحقیق اور اختراع کو مزید فروغ دینے کیلئے کام کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔x

### Karanataka Rahul Gandhi

بینگلورو کی 42 ویں ACMM عدالت نے آج کانگریس رہنما راہل گاندھی کو مشروط ضمانت دی ہے۔ یہ ضمانت اُنھیں ریاست میں BJP کی سابقہ سرکار کے خلاف لگائے گئے الزامات کیلئے دی گئی، جس میں انھوں نے BJP سرکار کو 40 فیصد کی سرکار کہا تھا۔ راہل گاندھی کو آج عدالت میں پیش ہونے کیلئے سَمن جاری کیا گیا تھا۔ اس دوران انھیں اِس معاملے میں مشروط ضمانت دی گئی اور معاملے کی اگلی سماعت کیلئے 30 جون کی تاریخ مقرر کی گئی۔

قانون ساز کونسل میں BJP کے رکن .B.S کیشو پرساد نے راہل گاندھی کے ذریعے X پر ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں BJP سرکار پر غلط طور پر بدعنوانی کا الزام لگانے کے بعد اُن کے خلاف ایک کیس درج کرایا تھا۔

وزیر اعلیٰ سِدّا رمیّا اور نائب وزیر اعلیٰ اور کانگریس کے ریاستی صدر D.K. شیو کمار کو بھی اس معاملے میں عدالت کی طرف سے ضمانت دی گئی۔ x

### Mumbai RBI B1 Monthly Policy

بھارتیہ ریزرو بینک نے آج ریپو ریٹ سے متعلق اپنی پالیسی کو لگاتار 8ویں مرتبہ جوں کا توں ساڑھے 6 فیصد رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے نتیجے میںStanding Deposit Facility (ایس ڈی ایف) کی شرح، چھ اعشاریہ دو پانچ فیصد، اور Marginal Standing Facility (ایم ایس ایف) کی شرح، نیز بینک شرح، چھ اعشاریہ سات پانچ فیصد برقرار رہے گی۔ یہ فیصلہ دو کے مقابلے چار کی اکثریت سے کیا گیا ہے۔

مالی پالیسی سے متعلق کمیٹی ایم پی سی نے چھ میں سے چار ارکان کی اکثریت کے ساتھ یہ فیصلہ بھی کیا ہے کہ رعایتوں کو واپس لینے پر توجہ برقرار رکھی جائے، تاکہ اِس بات کی یقین دہانی ہو کہ ترقی کو جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ افراط زر، بتدریج نشانے کے مطابق ہوجائے۔

ایم پی سی کی میٹنگ پانچ ، چھ اور سات جون کو منعقد ہوئی۔ آر بی آئی کے گورنر شکتی کانت داس نے اِن فیصلوں کی وجوہات بتاتے ہوئے کہا کہ افراط زر اور ترقی کے درمیان لگاتار توازن قائم ہورہا ہے۔جناب داس نے کہا کہ ایم پی سی، معمول کے مانسون کی امیدوں کے ساتھ ساتھ خوراک کی بڑھی ہوئی افراط زر پر قریبی نظر رکھے گی۔x

### PM Ukraine Prez

یوکرین کے صدر ولادمیر زیلنسکی نے وزیراعظم نریندرمودی کو اپنی سہولت کے حساب سے یوکرین کا دورہ کرنے کی دعوت دی ہے۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت کے دوران جس میں یوکرین کے صدر نے وزیراعظم مودی کو انتخابات میں اُن کی حالیہ جیت پر مبارکباد دی اور حکومت کی تشکیل کی خاطر نیک خواہشات پیش کیں، جناب مودی کو یوکرین کا دورہ کرنے کی دعوت دی گئی۔x

### IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے وسطی اور جنوبی خطوں سمیت ملک کے مختلف حصوں میں اگلے چار روز تک بارش، گرج چمک اور بجلی کی وارننگ کیلئے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون نے وسطی بحیرۂ عرب کے کچھ اور حصوں، کرناٹک، مہاراشٹر، تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش اور خلیج بنگال کے زیادہ تر حصوں میں مزید پیش قدمی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے جنوبی چھتیس گڑھ کے کچھ علاقوں، جنوبی اڈیشہ اور خلیج بنگال کے باقی

حصوں میں اگلے تین سے چار دنوں کے دوران جنوب مغربی مانسون کے پیش قدمی کیلئے حالات مزید سازگار ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

اس دوران IMD نے دلّی میں اگلے دو روز میں دھول بھری آندھی اور گرج چمک کی پیشگوئی کی ہے۔قومی راجدھانی میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 43 ڈگری کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔x

## Wrestling

کشتی میں بھارتی کھلاڑی امن سہراوت نے کل شام ہنگری میں Budapest Ranking Series میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ 57 کلو گرام کے مردوں کے فری اسٹائل زمرے میں امن کو فائنل مقابلے میں عالمی چمپئن اور چاندی کا تمغہ یافتہ جاپان کے کھلاڑی Rei Higuchi سے ایک کے مقابلے 11 پوائنٹس سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔

چاندی کے اِس تمغے سے امن کو آئندہ ہونے والے پیرس اولمپکس میں اپنی درجہ بندی کو مزید بہتر کرنے میں مدد ملے گی۔ x

## World Cup Cricket

مردوں کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں کل رات امریکہ نے سنسنی خیز سپراوور میں سابق چمپئن پاکستان کو پانچ رن سے ہرادیا۔

اس ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ کا پہلا بڑا الٹ پھیر کرتے ہوئے امریکہ نے پاکستان کے خلاف بڑی جیت حاصل کی۔ اس سے پہلے Dallas میں واقع Grand Prairie اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں دونوں ٹیمیں برابری پر تھیں۔

پہلے گیندبازی کرتے ہوئے پہلی بار کھیل رہی امریکہ کی ٹیم نے پاکستان کو سات وکٹ کے نقصان پر 159 رن پر روک دیا۔ اس کے بعد تین وکٹ کے نقصان پر میچ میں برابری کرلی۔ سپراوور میں امریکہ نے ایک وکٹ کے نقصان پر 18 رن بنائے جبکہ پاکستان ایک وکٹ کے نقصان پر صرف 13 رن ہی بناسکا۔

اس سے پہلے بابر اعظم نے پاکستان کیلئے 43 رن بنائے جبکہ Monank Patel نے امریکہ کیلئے 50 رن بنائے۔

کل ایک دیگر میچ میں بارباڈوز کے شہر برج ٹاؤن میں واقع Kensington Oval میں اسکاٹ لینڈ نے Namibia کو پانچ وکٹ سے ہرادیا۔

156 رن کے نشانے کے حصول کیلئے کھیلتے ہوئے اسکاٹ لینڈ نے پانچ وکٹ کے نقصان پر اسے حاصل کرلیا۔

آج شام نیویارک کے Nassau County بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کینیڈا کا مقابلہ آئر لینڈ سے ہوگا۔x

## Indonesia Open

بیڈمنٹن میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی لکشیہ سین آج سہ پہر انڈونیشیا کے شہر جکارتہ میں انڈونیشیا اوپن بیڈمنٹن کے مردوں کے سنگلز کے کوارٹرفائنل میں ڈنمارک کے Anders Antonsen کا سامنا کریں گے۔

سین نے کل پری کوارٹرس میں جاپان کے Kenta Nishimoto کو سیدھے مقابلے میں اکیس انیس، اکیس پندرہ سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆☆☆